Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NAMAZ · NAMAZ-E-MAYYIT

Obligatory Part

واجبات

It is obligatory to perform Namaz-e-Mayyit for a Muslim who has died, and for every child who is considered to be a Muslim and who has completed six years of age.

ہر مسلمان کی میت پر اور ایسے بچے کی میت پر جو اسلام کے حکم میں ہو اور پورے چھ سال کا ہو چکا ہو نماز پڑھنا واجب ہے۔

Based on obligatory precaution, it is necessary to perform Namaz-e-Mayyit for a child who has not completed six years of age but who could understand prayers; and if the child could not understand prayers, there is no problem in performing the prayer with the intention of raja (ie. with the intention of performing it in the hope that it is desired by Allah). There is no recommendation to perform the prayer for a stillborn (dead born) child.

ایک ایسے بچے کی میت پر جو چھ سال کا نہ ہوا ہو لیکن نماز کو جانتا ہو احتیاط لازم کی بنا پر نماز پڑھنا چاہئے اور اگر نماز کو نہ جانتا ہو تو رجاء کی نیت سے نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں اور وہ بچہ جو مردہ پیدا ہوا ہو اس کی میت پر نماز پڑھنا مستحب نہیں ہے۔

Namaz-e-Mayyit must be performed after giving ghusl, camphorating, and shrouding; and if it is performed before or while performing these albeit forgetfully or on account of not knowing the ruling it will not suffice.

میت کی نماز اسے غسل دینے، حنوط کرنے اور کفن پہنانے کے بعد پڑھنی چاہئے اور اگر ان امور سے پہلے یا ان کے دوران پڑھی جائے تو ایسا کرنا خواہ بھول چوک یا مسئلے سے لاعلمی کی بنا پر ہی کیوں نہ ہو کافی نہیں ہے۔

It is not necessary for someone who wants to perform Namaz-e-Mayyit to have Wuzu, Ghusl or Tayammum, or for his body and clothes to be pure. In fact, even if his clothes are usurped there is no problem, although it is better that he observes all the rules that apply to other namaz.

جو شخص میت کی نماز پڑھنا چاہے اس کے لئے ضروری نہیں کہ اس نے وضو، غسل یا تیمم کر رکھا ہو اور اس کا بدن اور لباس پاک ہوں اور اگر اس کا لباس غصبی ہو تب بھی کوئی حرج نہیں۔ اگرچہ بہتر یہ ہے کہ ان تمام چیزوں کا لحاظ رکھے جو دوسری نمازوں میں لازمی ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

The person who performs Namaz-e-Mayyit must face qibla. It is also obligatory to place the corpse in a way that it lies on its back in front of the person performing the prayer with its head on the person's right-hand side and its feet on his left.

جو شخص نماز میت پڑھ رہا ہو اسے چاہئے کہ رو بقبلہ ہو اور یہ بھی واجب ہے کہ میت کو نماز پڑھنے والے کے سامنے پشت کے بل یوں لٹایا جائے کہ میت کا سر نماز پڑھنے والے کے دائیں طرف ہو اور پاوں بائیں طرف ہوں۔

The place where one performs the prayers must not be higher or lower than the corpse; being a little higher or lower, however, is not a problem. The recommended precaution is that the place where the prayers are being performed should not be usurped.

احتیاط مستحب کی بنا پر ضروری ہے کہ جس جگہ ایک شخص میت کی نماز پڑھے وہ غصبی نہ ہو اور یہ بھی ضروری ہے کہ نماز پڑھنے کی جگہ میت کے مقام سے اونچی یا نیچی نہ ہو لیکن معمولی پستی یا بلندی میں کوئی حرج نہیں۔

The person performing the prayer must not be far away from the corpse. However, there is no problem in him being far away if the prayer is performed in congregation and the rows are connected to one another.

نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ میت سے دور نہ ہو لیکن جو شخص نماز میت با جماعت پڑھ رہا ہو اگر وہ میت سے دور ہو جب کہ صفیں باہم متصل ہوں تو کوئی حرج نہیں۔

The person performing the prayer must stand with the corpse in front of him. However, if the prayer is being performed in congregation, there is no problem if some of the people do not stand in front of the corpse.

نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ میت کے سامنے کھڑا ہو لیکن اگر نماز با جماعت پڑھی جائے اور جماعت کی صف میت کے دونوں طرف سے گزر جائے تو ان لوگوں کی نماز میں جو میت کے سامنے نہ ہوں کوئی اشکال نہیں ہے۔

There must not be a curtain, wall, or a similar thing between the corpse and the person performing the prayer. However, there is no problem if the corpse is in a coffin or something similar.

احتیاط کی بنا پر میت اور نماز پڑھنے والے کے درمیان پردہ یا دیوار یا کوئی اور ایسی چیز حائل نہیں ہونی چاہئے لیکن اگر میت تابوت میں یا ایسی ہی کسی اور چیز میں رکھی ہو تو کوئی حرج نہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Namaz-e-Mayyit must be performed while standing and with the intention of attaining proximity to Allah; and at the time of making the intention the corpse must be specified; for example, one makes the intention: 'I am performing the prayer for this corpse qurbatan Elallah (to attain proximity to Allah)'. If there is no one who can perform Namaz-e-Mayyit while standing, it can be performed while sitting.

نماز میت کھڑے ہو کر اور قربت کی نیت سے پڑھنی چاہئے اور نیت کرتے وقت میت کو معین کر لینا چاہئے مثلاً نیت کرنی چاہئے کہ میں اس میت پر قُربۃً اِلی اللہ نماز پڑھ رہا ہوں۔

If the deceased person had made a will stipulating that a particular person must perform the prayer for him, it is not necessary for that nominated person to get the consent of the guardian of the deceased, although it is better that he does.

اگر مرنے والے نے وصیت کی ہو کہ کوئی مخصوص شخص اس کی نماز پڑھائے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ وہ شخص میت کے ولی سے اجازت حاصل کرے۔

It is disapproved to perform Namaz-e-Mayyit a number of times. However, this matter is not established, and if the deceased is a learned and God-wary person, there is no problem in considering it as not being disapproved.

میت پر کئی دفعہ نماز پڑھنا مکروہ ہے، لیکن اگر میت کسی صاحب علم و تقوی کی ہو تو مکروہ نہیں ہے۔

If a corpse is intentionally, forgetfully, or for some other reason buried without the prayer being performed for it, or, if after burying a corpse it becomes known that the prayer performed for it was invalid, it is not permitted to exhume the body in order to perform the prayer for it. However, there is no problem if before the body decomposes the prayer is performed at the grave-side with the intention of raja.

اگر میت کو جان بوجھ کر یا بھول چوک کی وجہ سے یا کسی عذر کی بنا پر بغیر نماز پڑھے دفن کر دیا جائے یا دفن کر دینے کے بعد پتہ چلے کہ جو نماز اس پر پڑھی جا چکی ہے وہ باطل ہے تو میت پر نماز پڑھنے کے لئے اس کی قبر کو کھولنا جائز نہیں لیکن جب تک اس کا بدن پاش پاش نہ ہو جائے اور جن شرائط کا نماز میت کے سلسلے میں ذکر آچکا ہے ان کے ساتھ رجاء کی نیت سے اس کی قبر پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

Free to read, copy and share

> Someone who performs Namaz-e-Mayyit in congregation must also perform the Takbeers and recite the Duas even if he is a follower in the prayer (as opposed to being the imam of the prayer).

> جو شخص میت کی نماز با جماعت پڑھ رہا ہو خواہ وہ مقتدی ہی ہو اسے چاہئے کہ اس کی تکبیریں اور دعائیں بھی پڑھے۔

Printed from https://fzic.org/library/namaz/obligatory-part-3722 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.